جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام

مورخہ 5 مئی بروز منگل بعد نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام منعقد ہوا، جس میں مولانا محمد اسماعیل ساجد جام پور نے خطاب کیا۔اسی طرح مورخہ 8 جون بروز سوموار بعد نماز مغرب تبلیغی و اصلاحی پروگرام منعقد ہوا۔جس میں حافظ محمد شفیق آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔

موضع رسیلہ خورد (ڈومیلی) تحصیل سوہاوہ میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 30 مئی بروز ہفتہ موضع رسیلہ خورد میں عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا، پروگرام کا آغاز حافظ ذیشان جہلمی کی تلاوت سے ہوا۔حمد و نعت سلیمان شاہ متعلم جامعہ نے پیش کی۔جلسہ سے حافظ ذیشان جہلمی متعلم جامعہ، مولانا قطب شاہ اور قاری محمد یوسف راشد آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔

وفیات

چوہدری عبدالکلام (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 8 مئی بروز جمعہ چوہدری عبدالکلام کی ہمشیرہ محترمہ ٹاہلیانوالہ میں وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور انتہائی نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

قاری ممتاز احمد امام و خطیب جامع مسجد العزیز اہل حدیث (شمالی محلہ) کو صدمہ

مورخہ 16 مئی بروز ہفتہ قاری ممتاز احمد امام و خطیب جامع مسجد العزیز اہل حدیث برلب دریا شمالی محلہ کے والد محترم مظفر گڑھ میں وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون۔مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔

محمد الطاف مدینہ ٹاؤن کو صدمہ

مورخہ 15 مئی بروز جمعہ محمد الطاف مدینہ ٹاؤن کا چھوٹا بیٹا وفات پا گیا۔انا للہ و انا الیہ راجعون. نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

احسان الٰہی پراچہ و محمد ریحان خالد پراچہ (دھریالہ جالپ) کو صدمہ

مورخہ 22 مئی بروز جمعرات احسان الٰہی پراچہ و محمد ریحان خالد پراچہ کے والد خالد منظور پراچہ مختصر

علالت کے بعد وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحوم جماعت کے انتہائی مخلص ساتھی،صوم وصلوٰۃ کے پابند اور با اخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے دھریالہ جالپ میں پڑھائی۔

شیخ محمد امجد،شیخ محمد کاشف وشیخ سلطان محمود کو صدمہ

مورخہ 6 جون بروز ہفتہ شیخ محمد امجد(مدنی محلّہ)کے بڑے بھائی،شیخ محمد کاشف کے والد اور شیخ سلطان محمود کے کزن مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور نیک ہونے کے ساتھ ساتھ جامعہ کے معاون اور جامعہ سلطان میں نماز جمعہ کے مستقل نمازی تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

شاہد ندیم ڈار کو صدمہ

مورخہ 7 جون بروز اتوار شاہد ندیم ڈار کی خالہ ساس وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور تہجد گزار خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

شیخ محمد جاوید عبد القادر کو صدمہ

مورخہ 18 جون بروز جمعرات شیخ محمد جاوید کی خالہ محترمہ وفات پا گئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون.مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔مرحومہ کی نماز جنازہ مرکزی جنازہ گاہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر نے پڑھائی۔

محمد فرید،محمد افضل،محمد زاہد وعبد الوحید(کوٹلہ آئمہ)کو صدمہ

مورخہ 21 جون بروز اتوار محمد فرید،محمد افضل،محمد زاہد کے والد اور عبد الوحید کے نانا جان بابا محمد عظیم کوٹلہ آئمہ میں وفات پا گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ کے مستقل نمازی اور با اخلاق انسان تھے۔مرحوم کی نماز جنازہ جوگیواڑہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں،کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)